Cambridge Assessment
International Education

Example Candidate Responses – Paper 1

Cambridge O Level
First Language Urdu 3247

Cambridge Pathway

Cambridge University Press & Assessment 2022 v1

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge University Press & Assessment. Cambridge University Press & Assessment is a department of the University of Cambridge.

Cambridge University Press & Assessment retains the copyright on all its publications. Registered centres are permitted to copy material from this booklet for their own internal use. However, we cannot give permission to centres to photocopy any material that is acknowledged to a third party even for internal use within a centre.

Contents

Introduction....4
Mark schemes....6
Question 1....7
Example Candidate Response – high....7
Example Candidate Response – middle....11
Example Candidate Response – low....15
Questions 2(i)....20
Example Candidate Response – high....20
Questions 2(iii)....26
Example Candidate Response – high....26
Example Candidate Response – middle....31

Introduction

The main aim of this booklet is to exemplify standards for those teaching Cambridge O Level First Language Urdu 3247, and to show how different levels of candidates' performance (high, middle and low) relate to the subject's curriculum and assessment objectives.

For each question, the response is annotated with a clear explanation of where and why marks were awarded or omitted. This is followed by examiner comments on how the answer could have been improved. In this way, it is possible for you to understand what candidates have done to gain their marks and what they could do to improve their answers. We have included some common mistakes made by candidates.

This document provides illustrative examples of candidate work with examiner commentary. These help teachers to assess the standard required to achieve marks beyond the guidance of the mark scheme. Some question types where the answer is clear from the mark scheme, such as short answers and multiple choice, have therefore been omitted.

The questions and Part 1 mark scheme are included in this booklet. The mark scheme for Part 2 is available in the syllabus.

Past exam resources and other teaching and learning resources are available on the School Support Hub: www.cambridgeinternational.org/support

How to use this booklet

This booklet goes through the paper one question at a time, showing you the high-, middle- and low-level response for each question. The candidate answers are set in a table. In the left-hand column are the candidate answers, and in the right-hand column are the examiner comments.

Example Candidate Response – high, continued	Examiner comments
(iv) یاسر خان جنگلات کے مستقبل کے بارے میں کیوں فکر مند ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔ **4** یاسر خان اس لیے فکرمند ہیں کیونکہ درخت کم ہو کر صرف بیس فیصد رہ جائے گے۔ جنگلی جانوروں اور پرندوں کا ٹھکانہ ختم ہو جائے گا۔ ہر سال لگنے والی آگ کو اگر اگر یہ روکا گیا تو وہ جل کر راکھ ہو جائے گے جس کی وجہ سے ماحول کو بڑا نقصان ہوگا۔ [4] (v) الیاس خان کے مطابق مقامی لوگ جنگلات کی حفاظت کرنے میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔ **5** ان کے مطابق لوگ پتھر کا استعمال کریں گھر کی تعمیر میں، گھروں میں کھانا پکانے کے لیے گیس سلنڈر کا استعمال کریں [illegible]	**4** The candidate fully understands the question and answers according to the mark scheme. امیدوار نے سوال کو مکمل طور پر سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب دیا ہے۔ Mark for (iv) = 4 out of 4 **5** The candidate fully understands the question, answers according to the mark scheme and is awarded full marks. امیدوار نے سوال کو مکمل طور پر سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب دیا ہے

Answers are by real candidates in exam conditions. These show you the types of answers for each level. Discuss and analyse the answers with your learners in the classroom to improve their skills.

Examiner comments are alongside the answers. These explain where and why marks were awarded. This helps you to interpret the standard of Cambridge exams so you can help your learners to refine their exam technique.

How the candidate could have improved their answer

The candidate would have been awarded full marks if they had not missed one p… …y liye'". To improve the answer, the candidate should have read the question carefully and answered according to the demands of the question, i.e. a three-mark question needed three points to be awarded full marks.

امیدوار کو پورے نمبر مل سکتے تھے لیکن وہ سوال نمبر2 میں ایک پوائنٹ سے محروم رہا۔ جواب کو بہتر بنانے کے لئے امیدوار کو سوال کو غور سے پڑھنا چاہئے تھا اور سوال کے مطابق جواب دینا چاہئے تھا یعنی مکمل نمبر حاصل کرنے کے لئے تین نمبروں کے سوال کو تین پوائنٹس کی ضرورت ہوتی ہے۔

This section explains how the candidate could have improved each answer. This helps you to interpret the standard of Cambridge exams and helps your learners to refine their exam technique.

Common mistakes candidates made in this question

The common mistake candidates made in this question was that they did not spend time reading the text. Again, they did not understand the demand of each question and answered without proper thinking. For example, if a question has four marks it requires four points in the answer to score full marks. The candidates who made mistakes, did not answer questions fully and lost marks.

اس سوال میں امیدواروں نے جو عام غلطی کی وہ یہ تھی کہ انہوں نے متن پڑھنے میں وقت نہیں گزارا۔ پھر وہ ہر سوال کے مطالبے کو بھی نہیں سمجھے اور مناسب سوچ کے بغیر جواب دیتے رہے۔ مثال کے طور پر، اگر کسی سوال کے 4 نمبر ہیں تو اسے پورے نمبر حاصل کرنے کے لئے جواب میں چار پوائ… جواب نہیں دیا اور نمبر کھو دیئے۔

Often candidates were not awarded marks because they misread or misinterpreted the questions.

Lists the common mistakes candidates made in answering each question. This will help your learners to avoid these mistakes and give them the best chance of achieving the available marks.

Mark Scheme

Part 1 Reading

Question	Answer	Marks
1(i)	پہلے پیراگراف کے مطابق درختوں کو قدرت کا انمول تحفہ کیوں کہا گیا ہے؟ تین باتیں لکھیے۔ -درخت گرمیوں میں سایہ دیتے ہیں -درخت آلودگی کو کم کرتے ہیں -درخت سیلاب سے بچاتے ہیں	3
1(ii)	ماہرین کی رائے میں ہر ملک میں پچیس فیصد جنگلات کا ہونا کیوں ضروری ہے؟ تین باتیں لکھیے۔ -درختوں کی وجہ سےزندگی خوبصورت لگنے لگتی ہے -گھروں کی سجاوٹ کے لیے فرنیچر تیار کیا جاتا ہے -درخت ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں	3
1(iii)	عبارت کے مطابق انسانی صحت کس طرح درختوں پر انحصار کرتی ہے؟ چارباتیں لکھیے۔ -درخت نقصان دہ گیسوں کو جذب کر لیتے ہیں - تازہ ہوا/ صاف ہوا/ صاف فضا کا ذریعہ بنتےہیں -درخت خطرناک دھوئیں کو کم کرتے ہیں -جنگلات میں پیدا ہونے والے درختوں سے دوائیاں بھی بنائی جاتی ہیں	4
1(iv)	یاسر خان جنگلات کے مستقبل کے بارے میں کیوں فکر مند ہیں؟ چارباتیں لکھیے۔ -کٹائی کی وجہ سے دنیا میں بیس 20فیصد جنگلات رہ جائیں گے/ 80 فیصد ختم ہو جاتے ہیں -جنگلی جانوروں اور پرندوں کے رہنے کی جگہ نہیں رہے گی -جنگل میں آگ سے درخت جل کر ختم ہو جائیں گے -ماحول کو / فضا کو بہت نقصان ہو گا	4
1(v)	الیاس خان کے مطابق مقامی لوگ جنگلات کی حفاظت کرنے میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟چار باتیں لکھیے۔ اس سوال میں آپ نے جنگلات کے)	4

Part 2 Writing

The Part 2 Writing: Levels mark scheme is available in the syllabus.

Question 1

Example Candidate Response – high	Examiner comments
Part 1 Reading	

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

موضوع: شجر کاری

درخت ہماری زمین پر قدرت کا ایک انمول تحفہ ہیں۔ درخت نہ صرف سخت گرمی میں سایہ فراہم کرتے ہیں بلکہ یہ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ درخت سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچاؤ کا قدرتی ذریعہ ہیں۔ ماہرین کے مطابق کسی بھی ملک کے کل رقبے کا پچیس فیصد حصہ جنگلات پر مشتمل ہونا چاہیے کیونکہ جنگلات کی دل کشی سے انسان کو زندگی کی خوبصورتی کا احساس ہوتا ہے، گھروں کی سجاوٹ کے لیے فرنیچر تیار کیا جاتا ہے اور اس کے علاوہ جنگلات کسی ملک کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

درختوں کے بغیر انسانی زندگی کئی مشکلات کا شکار ہو سکتی ہے۔ درخت بہت سی نقصان دہ گیسوں کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں اور ہمارے لیے تازہ ہوا کا ذریعہ بنتے ہیں۔ کارخانوں سے نکلنے والے خطرناک دھوئیں کو بھی کم کرنے کے لیے ہمیں درختوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح جنگلات میں اگنے والے کئی درخت مختلف دوائیاں بنانے کے کام آتے ہیں۔

دنیا میں جنگلات کی غیر قانونی کٹائی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ چھانگا مانگا میں محکمہ جنگلات کے ایک آفیسر یاسر خان کا کہنا ہے کہ اگر دنیا میں جنگلات کی کٹائی اور ان میں آگ لگنا اسی طرح جاری رہا تو اگلے دس سالوں میں جنگلات کا کل رقبہ بیس فیصد رہ جائے گا۔ جنگلات کے ختم ہو جانے سے جنگلی جانوروں اور پرندوں کا کہیں ٹھکانہ نہیں رہے گا۔ جنگلوں میں لگنے والی آگ کو اگر جلد نہ روکا گیا تو ہر سال ہزاروں درخت جل کر راکھ ہو جائیں گے جس کے نتیجے میں ماحول کو بہت بڑا نقصان ہو گا۔

پاکستان کے پہاڑی علاقے جنگلات کی وجہ سے بہت مشہور ہیں۔ چترال کے رہنے والے الیاس خان نے کسی حد تک مقامی آبادی کو جنگلات کی تباہ کاری کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا ''پتھر مہیا ہونے کے باوجود یہاں کے کچھ

Example Candidate Response – high, continued	Examiner comments
لوگ اپنے گھر بنانے کے لیے لکڑی کا بے تحاشہ استعمال کرتے ہیں۔ گھروں کو گرم رکھنے اور کھانا پکانے کے لیے گیس سلنڈر کے بجائے لکڑی کا استعمال کرتے ہیں۔ شہروں میں جا کر مناسب روزگار تلاش کرنے کے بجائے جنگلات کی لکڑی بیچ کر اپنی زندگی کی ضروریات پوری کرتے ہیں اور پھر سب سے بڑھ کر علاقے میں نئی شجرکاری بہت کم مقدار میں ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ درختوں کی تعداد میں دن بدن کمی ہو رہی ہے‘‘۔ کاغان میں ایک دیہاتی اسکول کی استانی نور بانو نے اپنے علاقے میں جنگلات کی اہمیت بیان کرتے ہوئے کہا ’’درخت پہاڑوں پر سے گرنے والے بڑے بڑے پتھروں کو نیچے آنے سے روکتے ہیں۔ درختوں کی وجہ سے وادی کا قدرتی حسن دوبالا ہو جاتا ہے جسے دیکھنے کے لیے لاکھوں سیاح یہاں چلے آتے ہیں اور مقامی لوگوں کو اس سے روزگار ملتا ہے۔ یہاں کی زمین پھلدار درخت اگانے کے لیے کافی موزوں ہے اسی لیے اکثر کسانوں کی آمدنی کا انحصار پھلوں کی تجارت پر ہے‘‘۔ (1) پاکستان کی حکومت ملک میں جنگلات اگانے پر کافی توجہ دے رہی ہے مثال کے طور پر صوبہ خیبر پختونخواہ میں ایک ارب درخت لگائے جا چکے ہیں۔ اسکول میں بچوں کو شجرکاری (2) کی اہمیت کے بارے میں بتا کر انہیں درخت لگانے کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ درختوں کی غیر قانونی کٹائی روکنے کے لیے (3) جرمانے اور سزائیں دی جا رہی ہیں۔ ملک میں جہاں کہیں بھی خالی زمین ہے وہاں (4) درخت لگائے جا رہے ہیں۔	

Example Candidate Response – high, continued	Examiner comments
مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں)	
Question 1	
(i) پہلے پیراگراف کے مطابق درختوں کو قدرت کا انمول تحفہ کیوں کہا گیا ہے؟ تین باتیں لکھیے۔ 1 درخت نہ صرف سخت گرمی میں سایہ فراہم کرتے ہیں بلکہ یہ ماحولیاتی آلودگی کو بھی کم کرنے میں بھی مددگار ہیں۔ درخت سیلابوں کو آنے سے روکتے ہیں۔ ~~ان سے فرنیچر تیار کیا جاتا ہے~~ [3]	1 The candidate fully understands the question, answers according to the mark scheme and is awarded full marks. امیدوار نے سوال کو بہت اچھی طرح سے سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب لکھا ہے اور اسی وجہ سے پورے نمبر حاصل کیے ہیں Mark for (i) = 3 out of 3
(ii) ماہرین کی رائے میں ہر ملک میں پچیس فیصد جنگلات کا ہونا کیوں ضروری ہے؟ تین باتیں لکھیے۔ 2 اس لیے ضروری ہے کیونکہ ~~جنگل~~ جنگلات کی دلکشی سے انسان کو زندگی کی خوبصورتی کا احساس ہوتا ہے۔ اس سے فرنیچر تیار کیا جاتا ہے۔ جنگلات کسی ملک کی ~~معیشت~~ معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ [3]	2 The candidate misses the main part of second point, i.e. '*Ghar kee sajawat kay liyee*'. If this had been added to the candidate's answer, full marks would have been awarded. امیدوار سے سوال کاے دوسرا حصہ رہ گیا ہے جیسے کہ گھر کی سجاوٹ۔ اگر یہ جواب میں شامل کیا جاتا تو اس کو مکمل جواب تسلیم کیا جاتا ۔ Mark for (ii) = 2 out of 3
(iii) عبارت کے مطابق انسانی صحت کس طرح درختوں پر انحصار کرتی ہے؟ چار باتیں لکھیے۔ 3 درخت بہت سی نقصان دہ گیسوں کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں۔ تازہ ہوا فراہم کرتے ہیں۔ کارخانوں سے نکلنے والے دھوئیں کو کم کرتے ہیں۔ درخت سے مختلف دوائیاں تیار کی جاتی ہیں۔ [4]	3 The candidate fully understands the question and answers according to the mark scheme. امیدوار نے سوال کو مکمل طور پر سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب دیا ہے۔ Mark for (iii) = 4 out of 4

Example Candidate Response – high, continued

(iv) یاسر خان جنگلات کے مستقبل کے بارے میں کیوں فکر مند ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

4 یاسر خان اس لیے فکرمند ہیں کیونکہ درخت کم ہو کر صرف بیس فیصد رہ جائے گے۔ جنگلی جانوروں اور پرندوں کا ٹھکانہ ختم ہو جائے گا۔ ہر سال لگنے والی آگ کو اگر نہ روکا گیا تو وہ جل کر راکھ ہو جائے گے جس کی وجہ سے ماحول کو بڑا نقصان ہوگا۔ [4]

(v) الیاس خان کے مطابق مقامی لوگ جنگلات کی حفاظت کرنے میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

5 ان کے مطابق لوگ پتھر کا استعمال کریں گھر کی تعمیر میں، گھروں میں کھانے پکانے کے لیے گیس سلنڈر کا استعمال کریں۔ شہروں میں جاکر مناسب روزگار تلاش کریں اس کی وجہ سے لکڑی اور جنگلات کی کٹائی کم ہو جائے گی۔ علاقوں میں نئی شجرکاری کریں۔ [4]

(vi) نور بانو نے اپنے علاقے میں جنگلات کے مثبت اثرات پر کس طرح سے روشنی ڈالی ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

6 درخت پہاڑوں سے گرنے والے پتھروں کو روکتے ہیں۔ درختوں کی وجہ سے وادی کا قدرتی حسن دوبالا ہو جاتا ہے جس سے سیر و سیاحت بڑھتی ہے اور مقامی لوگوں کو اس سے روزگار ملتا ہے۔ [3]

(vii) عبارت کے مطابق پاکستان کی حکومت جنگلات کو کیسے بہت اہمیت دے رہی ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

7 صوبہ خیبر پختونخواہ میں ایک ارب درخت لگائے جا چکے ہیں۔ اسکولوں میں بچوں کو درخت لگانے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔ درختوں کی غیر قانونی کٹائی کو روکنے کے لیے جرمانے اور سزائیں دی جا رہی ہیں۔ جہاں کہیں خالی زمین ہے وہاں شجرکاری کی جا رہی ہے۔ [4]

Examiner comments

4 The candidate fully understands the question and answers according to the mark scheme.

امیدوار نے سوال کو مکمل طور پر سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب دیا ہے۔

Mark for (iv) = 4 out of 4

5 The candidate fully understands the question, answers according to the mark scheme and is awarded full marks.

امیدوار نے سوال کو مکمل طور پر سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب دیا ہے۔اور پورے نمبر حاصل کیے ہیں۔

Mark for (v) = 4 out of 4

6 The candidate fully understands and answers according to the mark scheme.

امیدوار نے سوال کو مکمل طور پر سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب دیا ہے۔

Mark for (vi) = 3 out of 3

7 The candidate fully understands the question and answers according to the mark scheme.

امیدوار نے سوال کو مکمل طور پر سمجھا ہے اور مارک اسکیم کے تحت جواب دیا ہے۔

Mark for (vii) = 3 out of 3

Total mark awarded = 24 out of 25

How the candidate could have improved their answer

The candidate would have been awarded full marks if they had not missed one point in (ii), i.e. '*Ghar kee sajawat kay liye*'. To improve the answer, the candidate should have read the question carefully and answered according to the demands of the question, i.e. a three-mark question needed three points to be awarded full marks.

امیدوار کو پورے نمبر مل سکتے تھے لیکن وہ سوال نمبر2 میں ایک پوائنٹ سے محروم رہا۔ جواب کو بہتر بنانے کے لئے امیدوار کو سوال کو غور سے پڑھنا چاہئے تھا اور سوال کے مطابق جواب دینا چاہئے تھا یعنی مکمل نمبر حاصل کرنے کے لئے تین نمبروں کے سوال کو تین پوائنٹس کی ضرورت ہوتی ہے۔

Example Candidate Response – middle	Examiner comments
Part 1 Reading سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ موضوع: شجر کاری درخت ہماری زمین پر قدرت کا ایک انمول تحفہ ہیں۔ درخت نہ صرف سخت گرمی میں سایہ فراہم کرتے ہیں بلکہ یہ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ درخت سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچاؤ کا قدرتی ذریعہ ہیں۔ ماہرین کے مطابق کسی بھی ملک کے کل رقبے کا پچیس فیصد حصہ جنگلات پر مشتمل ہونا چاہیے کیونکہ جنگلات کی دل کشی سے انسان کو زندگی کی خوبصورتی کا احساس ہوتا ہے، گھروں کی سجاوٹ کے لیے فرنیچر تیار کیا جاتا ہے اور اس کے علاوہ جنگلات کسی ملک کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ درختوں کے بغیر انسانی زندگی کئی مشکلات کا شکار ہو سکتی ہے۔ درخت بہت سی نقصان دہ گیسوں کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں اور ہمارے لیے تازہ ہوا کا ذریعہ بنتے ہیں۔ کارخانوں سے نکلنے والے خطرناک دھوئیں کو بھی کم کرنے کے لیے ہمیں درختوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح جنگلات میں اگنے والے کئی درخت مختلف دوائیاں بنانے کے کام آتے ہیں۔ دنیا میں جنگلات کی غیر قانونی کٹائی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ چھانگا مانگا میں محکمہ جنگلات کے ایک آفیسر یاسر خان کا کہنا ہے کہ اگر دنیا میں جنگلات کی کٹائی اور ان میں آگ لگنا اسی طرح جاری رہا تو اگلے دس سالوں میں جنگلات کا کل رقبہ بیس فیصد رہ جائے گا۔ جنگلات کے ختم ہو جانے سے جنگلی جانوروں اور پرندوں کا کہیں ٹھکانہ نہیں رہے گا۔ جنگلوں میں لگنے والی آگ کو اگر جلد نہ روکا گیا تو ہر سال ہزاروں درخت جل کر راکھ ہو جائیں گے جس کے نتیجے میں ماحول کو بہت بڑا نقصان ہو گا۔ پاکستان کے پہاڑی علاقے جنگلات کی وجہ سے بہت مشہور ہیں۔ چترال کے رہنے والے الیاس خان نے کسی حد تک مقامی آبادی کو جنگلات کی تباہ کاری کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا ''پتھر مہیا ہونے کے باوجود یہاں کے کچھ	

Example Candidate Response – middle, continued	Examiner comments
لوگ اپنے گھر بنانے کے لیے لکڑی کا بے تحاشہ استعمال کرتے ہیں۔ گھروں کو گرم رکھنے اور کھانا پکانے کے لیے گیس سلنڈر کے بجائے لکڑی کا استعمال کرتے ہیں۔ شہروں میں جا کر مناسب روزگار تلاش کرنے کے بجائے جنگلات کی لکڑی بیچ کر اپنی زندگی کی ضروریات پوری کرتے ہیں اور پھر سب سے بڑھ کر علاقے میں نئی شجرکاری بہت کم مقدار میں ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ درختوں کی تعداد میں دن بدن کمی ہو رہی ہے"۔ کاغان میں ایک دیہاتی اسکول کی استانی نور بانو نے اپنے علاقے میں جنگلات کی اہمیت بیان کرتے ہوئے کہا "درخت پہاڑوں پر سے گرنے والے بڑے بڑے پتھروں کو نیچے آنے سے روکتے ہیں۔ درختوں کی وجہ سے وادی کا قدرتی حسن دوبالا ہو جاتا ہے جسے دیکھنے کے لیے لاکھوں سیاح یہاں چلے آتے ہیں اور مقامی لوگوں کو اس سے روزگار ملتا ہے۔ یہاں کی زمین پھلدار درخت اگانے کے لیے کافی موزوں ہے اسی لیے اکثر کسانوں کی آمدنی کا انحصار پھلوں کی تجارت پر ہے"۔ پاکستان کی حکومت ملک میں جنگلات اگانے پر کافی توجہ دے رہی ہے مثال کے طور پر صوبہ خیبر پختونخواہ میں ایک ارب درخت لگائے جا چکے ہیں۔ اسکول میں بچوں کو شجرکاری کی اہمیت کے بارے میں بتا کر انہیں درخت لگانے کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ درختوں کی غیر قانونی کٹائی روکنے کے لیے جرمانے اور سزائیں دی جا رہی ہیں۔ ملک میں جہاں کہیں بھی خالی زمین ہے وہاں درخت لگائے جا رہے ہیں۔	

Example Candidate Response – middle, continued

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔(ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں)

Question 1

(i) پہلے پیرا گراف کے مطابق درختوں کو قدرت کا انمول تحفہ کیوں کہا گیا ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

1 درخت ماحولیاتی آلودگی کو کم کرتے ہیں اور سیلاب سے بھی بچاتے ہیں۔ درخت گرمی میں سایہ بھی فراہم کرتے ہیں۔

[3]

(ii) ماہرین کی رائے میں ہر ملک میں پچیس فیصد جنگلات کا ہونا کیوں ضروری ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

2 ہر ملک میں پچیس فیصد جنگلات ہونا اس لیے ضروری ہے کیونکہ جنگلات ہر ملک کی معیشت کے لیے ضروری ہوتے ہیں اور گھروں کی سجاوٹ کے لیے فرنیچر تیار ہوتا ہے۔

[3]

(iii) عبارت کے مطابق انسانی صحت کس طرح درختوں پر انحصار کرتی ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

3 انسانی صحت درختوں پر انحصار ایسے رہتی ہے کہ درخت سے مختلف دوائیاں بنتی ہیں۔ درخت نقصان دہ گیسوں کو اپنے اندر جذب کر لیتی ہے اور ایسے ہمیں تازہ ہوا ملتی ہے۔

[4]

Examiner comments

1 The candidate shows that they understand the question and covers all three points given in the mark scheme.

امیدوار نے ظاہر کیا ہے کہ انہوں نے سوال کو سمجھ لیا ہے اور مارک اسکیم میں دیئے گئے تینوں نکات کا احاطہ کیا ہے۔

Mark for (i) = 3 out of 3

2 The question asks for three reasons, but the candidate only gives two. Therefore, two marks are awarded.

سوال میں تین وجوہات پوچھی گئی ہیں لیکن امیدوار نے صرف دو وجوہات بتائی ہیں۔ اس لئے 2 نمبر دیئے جاتے ہیں۔

Mark for (ii) = 2 out of 3

3 The candidate only gives three reasons instead of four.

امیدوار نے چار کے بجائے صرف تین وجوہات بتائی ہیں۔ ماحول کے بارے میں لکھنا بھول گیا ہے۔

Mark for (iii) = 3 out of 4

Example Candidate Response – middle, continued	Examiner comments
(iv) یاسر خان جنگلات کے مستقبل کے بارے میں کیوں فکر مند ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔ 4 یاسر خان اس لیے فکر مند ہیں، جنگلات کے بارے میں کیونکہ جس تیزی سے درخت کٹے، اس کے حصاب سے جنگلات کا کل رقبہ بیس فیصد رہ جائے گا۔ اس سے جنگلی جانور اور پرندے اپنا ٹھکانہ ڈھونڈ نہیں پائیں گے۔ [4]	4 The candidate only gives two reasons. Therefore, two marks are awarded. They missed, 'harm to atmosphere and trees will disappear from this earth'. امیدوار نے صرف دو وجوہات بتائی ہیں۔ اس لئے دو نمبر دیئے گئے ہیں۔ امیدوار "ماحول کو نقصان اور درخت اس زمین سے ختم ہو جائیں گے" ان دو نکات کو لکھنا بھول گیا۔ Mark for (iv) = 2 out of 4
(v) الیاس خان کے مطابق مقامی لوگ جنگلات کی حفاظت کرنے میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔ 5 الیاس خان کے مطابق مقامی لوگ گیس سلنڈر استعمال کر سکتے ہیں گھروں کو گرم رکھنے اور کھانا پکانے کے لیے لکڑی کو بیچنے کے بجائے اپنے لیے ایک مناسب روزگار ڈھونڈ سکتے ہیں تاکہ جنگلات کی حفاظت ہو۔ [4]	5 The candidate only gives two reasons. The use of stones instead of wood to make houses and tree plantation are missing from the answer. امیدوار نے صرف دو وجوہات بتائیں۔ درختوں کی شجرکاری اور لکڑی کی بجائے پتھروں کا استعمال، یہ دونوں نکات امیدوار نے گنوا دیئے ہیں اسی لیے چار کی بجائے دو نمبر دیے گئے ہیں۔ Mark for (v) = 2 out of 4
(vi) نور بانو نے اپنے علاقے میں جنگلات کے مثبت اثرات پر کس طرح سے روشنی ڈالی ہے؟ تین باتیں لکھیے۔ 6 جنگلات سے وادی کا قدرتی حسن دوبالا ہو جاتا ہے، درخت پہاڑوں پر سے گرنے والے بڑے بڑے پتھروں کو نیچے آنے سے روکتے ہیں۔ جنگلات سے لوگوں کو روزگار ملتی ہے۔ [3]	6 The candidate answers the question very well with full understanding. امیدوار نے پوری سمجھ داری کے ساتھ اس سوال کا بہت اچھی طرح جواب دیا ہے۔ Mark for (vi) = 3 out of 3
(vii) عبارت کے مطابق پاکستان کی حکومت جنگلات کو کیسے بہت اہمیت دے رہی ہے؟ چار باتیں لکھیے۔ 7 عبادت کے مطابق پاکستانی حکومت مختلف منصوبے جیسے ایک درخت لگانے والا منصوبے سے جنگلات کو اہمیت دے رہی ہے۔ درخت کی غیر قانونی کٹائی کو روکنے کے لیے جرمانے اور سزائیں دی جا رہی ہیں۔ [4]	7 Two main points are missing from the answer, i.e. awareness of tree plantation in schools and use of empty land to plant more trees. Therefore, only two marks are awarded. اس سوال کے دو اہم نکات غائب ہیں یعنی اسکولوں میں درختوں کی شجرکاری کے بارے میں آگاہی اور مزید درخت لگانے کے لئے خالی زمین کا استعمال۔اسی لیے صرف دو نمبر دیئے گئے ہیں۔ Mark for (vii) = 2 out of 4 **Total mark awarded = 17 out of 25**

How the candidate could have improved their answer

The candidate missed main points in some of the questions and did not fulfil the demand of the questions. The candidate could easily have improved their answer if they had read the question and text carefully and had not missed information provided in the questions.

امیدوار نے کچھ سوالات میں اہم نکات کو چھوڑ دیا ہے اور سوالات کے مطالبے کو پورا نہیں کیا۔ امیدوار آسانی سے اپنے جواب کو بہتر کر سکتا تھا اگر وہ سوال اور متن کو غور سے پڑھتا اور سوالات میں فراہم کردہ معلومات کو نہ چھوڑتا۔

Example Candidate Response – low	Examiner comments
Part 1 Reading سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ موضوع: شجرکاری درخت ہماری زمین پر قدرت کا ایک انمول تحفہ ہیں۔ درخت نہ صرف سخت گرمی میں سایہ فراہم کرتے ہیں بلکہ یہ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ درخت سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچاؤ کا قدرتی ذریعہ ہیں۔ ماہرین کے مطابق کسی بھی ملک کے کل رقبے کا پچیس فیصد حصہ جنگلات پر مشتمل ہونا چاہیے کیونکہ جنگلات کی دل کشی سے انسان کو زندگی کی خوبصورتی کا احساس ہوتا ہے، گھروں کی سجاوٹ کے لیے فرنیچر تیار کیا جاتا ہے اور اس کے علاوہ جنگلات کسی ملک کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ درختوں کے بغیر انسانی زندگی کئی مشکلات کا شکار ہو سکتی ہے۔ درخت بہت سی نقصان دہ گیسوں کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں اور ہمارے لیے تازہ ہوا کا ذریعہ بنتے ہیں۔ کارخانوں سے نکلنے والے خطرناک دھوئیں کو بھی کم کرنے کے لیے ہمیں درختوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح جنگلات میں اگنے والے کئی درخت مختلف دوائیاں بنانے کے کام آتے ہیں۔ دنیا میں جنگلات کی غیر قانونی کٹائی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ چھانگا مانگا میں محکمہ جنگلات کے ایک آفیسر یاسر خان کا کہنا ہے کہ اگر دنیا میں جنگلات کی کٹائی اور ان میں آگ لگنا اسی طرح جاری رہا تو اگلے دس سالوں میں جنگلات کا کل رقبہ بیس فیصد رہ جائے گا۔ جنگلات کے ختم ہو جانے سے جنگلی جانوروں اور پرندوں کا کہیں ٹھکانہ نہیں رہے گا۔ جنگلوں میں لگنے والی آگ کو اگر جلد نہ روکا گیا تو ہر سال ہزاروں درخت جل کر راکھ ہو جائیں گے جس کے نتیجے میں ماحول کو بہت بڑا نقصان ہوگا۔ پاکستان کے پہاڑی علاقے جنگلات کی وجہ سے بہت مشہور ہیں۔ چترال کے رہنے والے الیاس خان نے کسی حد تک مقامی آبادی کو جنگلات کی تباہ کاری کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا ’’پتھر مہیا ہونے کے باوجود یہاں کے کچھ	

Example Candidate Response – low, continued	Examiner comments
لوگ اپنے گھر بنانے کے لیے لکڑی کا بے تحاشہ استعمال کرتے ہیں۔ گھروں کو گرم رکھنے اور کھانا پکانے کے لیے گیس سلنڈر کے بجائے لکڑی کا استعمال کرتے ہیں۔ شہروں میں جا کر مناسب روزگار تلاش کرنے کے بجائے جنگلات کی لکڑی بیچ کر اپنی زندگی کی ضروریات پوری کرتے ہیں اور پھر سب سے بڑھ کر علاقے میں نئی شجرکاری بہت کم مقدار میں ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ درختوں کی تعداد میں دن بدن کمی ہو رہی ہے"۔ کاغان میں ایک دیہاتی اسکول کی استانی نور بانو نے اپنے علاقے میں جنگلات کی اہمیت بیان کرتے ہوئے کہا "درخت پہاڑوں پر سے گرنے والے بڑے بڑے پتھروں کو نیچے آنے سے روکتے ہیں۔ درختوں کی وجہ سے وادی کا قدرتی حسن دوبالا ہو جاتا ہے جسے دیکھنے کے لیے لاکھوں سیاح یہاں چلے آتے ہیں اور مقامی لوگوں کو اس سے روزگار ملتا ہے۔ یہاں کی زمین پھلدار درخت اگانے کے لیے کافی موزوں ہے اسی لیے اکثر کسانوں کی آمدنی کا انحصار پھلوں کی تجارت پر ہے"۔ پاکستان کی حکومت ملک میں جنگلات اگانے پر کافی توجہ دے رہی ہے مثال کے طور پر صوبہ خیبر پختونخواہ میں ایک ارب درخت لگائے جا چکے ہیں۔ اسکول میں بچوں کو شجرکاری کی اہمیت کے بارے میں بتا کر انہیں درخت لگانے کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ درختوں کی غیر قانونی کٹائی روکنے کے لیے جرمانے اور سزائیں دی جا رہی ہیں۔ ملک میں جہاں کہیں بھی خالی زمین ہے وہاں درخت لگائے جا رہے ہیں۔	

Example Candidate Response – low, continued

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں)

Question 1

(i) پہلے پیرا گراف کے مطابق درختوں کو قدرت کا انمول تحفہ کیوں کہا گیا ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

پہلے پیرا گراف کے مطابق درختوں کالا کو قودرت کا تحفہ اس لیے ہے کیونکہ درخت ن سخت گرمی میں سایہ فراہم کرتے ہے۔ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہے۔ گھروں کی سجاوٹ کے لیے کام آتا ہے جیسے کہ فرنیچر (1) [3]

(ii) ماہرین کی رائے میں ہر ملک میں پچیس فیصد جنگلات کا ہونا کیوں ضروری ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

جنگلات کی دل کشی سے انسان کو زندگی کی خوبصورتی کا احساس ہوتا ہے۔ ملک کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ گھروں کی سجاوٹ کے لیے فرنیچر تیار کیا جاتا ہے۔ (2) [3]

(iii) عبارت کے مطابق انسانی صحت کس طرح درختوں پر انحصار کرتی ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

ہمیں گرمی سے بچاتی ہے۔ آلودگی کے ہونے سے بچاتی ہے۔ ٹھنڈ میں ہمیں لکڑیوں کی صورت میں ہمیں گرم رکھتی ہے تاکہ زیادہ ٹھنڈ میں بیمار نہ ہو جائے۔ ہمیں ایک طریقہ سے ہوا اچھی گزارتی رہتی ہے (3) [4]

Examiner comments

(1) The candidate misses one important point in his answer, i.e. '*Darakht Saylaab say bachatay hain*'. Therefore, only two marks are awarded.

امیدوار نے اپنے جواب میں ایک اہم نکتہ چھوڑ دیا ہے یعنی "درخت سیلاب سے بچاتے ہیں"۔ لہٰذا اس سوال نے مارک اسکیم کے مطابق صرف دو نمبر حاصل کیے۔

Mark for (i) = 2 out of 3

(2) The candidate mentions all three points and is awarded full marks.

امیدوار نے اس سوال سے متعلق تینوں نکات کا ذکر کیا ہے اور مارک اسکیم کے مطابق اس سوال نے پورے نمبر حاصل کیے۔

Mark for (ii) = 3 out of 3

(3) This candidate does not answer the question correctly. It shows the candidate does not understand the question and/or has not read the text properly. They do not mention any relevant points and therefore cannot be awarded any marks.

مارک اسکیم کے مطابق اس سوال کا جواب نہیں دیا گیا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ امیدوار سوال کو نہیں سمجھ سکا اور متن کو ٹھیک سے نہیں پڑھا گیا۔ امیدوار نے کسی متعلقہ نکتے کا ذکر نہیں کیا ہے اور اس لئے کوئی نمبر حاصل نہیں کر سکا۔

Mark for (iii) = 0 out of 4

Example Candidate Response – low, continued

(iv) یاسر خان جنگلات کے مستقبل کے بارے میں کیوں فکر مند ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

~~یاسر خان جنگلات کے مستقبل کے بارے میں اس لیے~~
~~فکر مند ہیں کیونکہ درخت ہمارے بہت ہی زیادہ کام آتا~~
~~ہے جیسے کہ لکڑیاں جلانے کے لیے اور اگر جنگلات ختم ہوگی~~
~~تو جانوروں کا کوئی ٹھکانا نہیں رہیگا۔ اور لوگ ہر~~ [4]
~~سال لکڑیاں جلا رہے ہر سال اس سے جس کی وجہ سے ہزاروں درخت ختم ہو جائے گے~~

Done on the end of the Paper

4

(v) الیاس خان کے مطابق مقامی لوگ جنگلات کی حفاظت کرنے میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

~~صرف کام کے وقت استعمال فضول میں ضائع کرے~~
~~جو بغیر کوئی مقصد سے جنگلات کاٹ رہے ہے ان~~
~~کو منع کر سکتے ہے اور زیادہ سے زیادہ درخت~~
~~اگائیں اور ان کا صحیح طرح سے خیال رکھ~~ [4]

5

(vi) نور بانو نے اپنے علاقے میں جنگلات کے مثبت اثرات پر کس طرح سے روشنی ڈالی ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

درخت اگنے والے پہاڑوں سے گرنے والے بڑے بڑے پتھروں کو نیچے آنے
